# Lesson 1: Al-Isra (Ayaat 1- 10): Day 1

# سورۃ بنی اسرائیل/الإسرَاء کی تفسیر

آیاتها ۱۱۱ — ۱۷ سُوْرَةُ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ مَکِّیَّۃٌ ۵۰ — رکوعاتها ۱۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

سُبْحٰنَ الَّذِیْٓ اَسْرٰی بِعَبْدِهٖ لَیْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَی

| سُبْحٰنَ | الَّذِیْٓ | اَسْرٰی | بِعَبْدِهٖ | لَیْلًا | مِّنَ | الْمَسْجِدِ | الْحَرَامِ | اِلَی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پاکی ہے | اس ذات کو جو | لے گیا | بندے اپنے کو | رات کو | سے | مسجد | حرام | طرف |

وہ (ذات) پاک ہے جو ایک رات اپنے بندے کو مسجد الحرام (یعنی خانہ کعبہ) سے مسجد اقصٰی (یعنی بیت المقدس) تک

الْمَسْجِدِ الْاَقْصَا الَّذِیْ بٰرَکْنَا حَوْلَهٗ لِنُرِیَهٗ مِنْ اٰیٰتِنَا ؕ اِنَّهٗ هُوَ

| الْمَسْجِدِ | الْاَقْصَا | الَّذِیْ | بٰرَکْنَا | حَوْلَهٗ | لِنُرِیَهٗ | مِنْ | اٰیٰتِنَا | اِنَّهٗ | هُوَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مسجد | اقصٰی کی | وہ جو | برکت دی ہم نے | گرد اسکے کو | تاکہ دکھلائیں اسکو ہم | سے | نشانیوں اپنی | بیشک وہ | وہی ہے |

جس کے گردا گرد ہم نے برکتیں رکھی ہیں لے گیا تاکہ ہم اُسے اپنی (قدرت کی) نشانیاں دکھائیں۔ بیشک وہ

السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ ① وَاٰتَیْنَا مُوْسَی الْکِتٰبَ وَجَعَلْنٰهُ هُدًی لِّبَنِیْٓ

| السَّمِیْعُ | الْبَصِیْرُ | وَ | اٰتَیْنَا | مُوْسَی | الْکِتٰبَ | وَ | جَعَلْنٰهُ | هُدًی | لِّبَنِیْٓ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سننے والا | دیکھنے والا | اور | دی ہم نے | موسٰی کو | کتاب | اور | کیا ہم نے اس کو | ہدایت | واسطے بنی |

سننے والا (اور) دیکھنے والا ہے ① اور ہم نے موسٰی کو کتاب عنایت کی تھی اور اُس کو بنی اسرائیل کے لیے

اِسْرَآءِیْلَ اَلَّا تَتَّخِذُوْا مِنْ دُوْنِیْ وَکِیْلًا ؕ ② ذُرِّیَّةَ مَنْ حَمَلْنَا مَعَ

| اِسْرَآءِیْلَ | اَلَّا | تَتَّخِذُوْا | مِنْ دُوْنِیْ | وَکِیْلًا | ذُرِّیَّةَ | مَنْ | حَمَلْنَا | مَعَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اسرائیل کے | یہ کہ نہ | پکڑو | سوائے میرے | کارساز | اے اولاد | ان لوگوں کی جن کو | ہم نے چڑھایا تھا | ساتھ |

رہنما مقرر کیا تھا کہ میرے سوا کسی کو کارساز نہ ٹھہرانا ② اے اُن لوگوں کی اولاد جن کو ہم نے نوح کے ساتھ

نُوْحٍ ؕ اِنَّهٗ کَانَ عَبْدًا شَکُوْرًا ③ وَقَضَیْنَآ اِلٰی بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ فِی

| نُوْحٍ | اِنَّهٗ | کَانَ | عَبْدًا | شَکُوْرًا | وَ | قَضَیْنَآ | اِلٰی | بَنِیْٓ | اِسْرَآءِیْلَ | فِی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نوح کے | بیشک وہ | تھا | بندہ | شکرگزار | اور | حکم کیا ہم نے | طرف | بنی | اسرائیل کی | بیچ |

(کشتی میں) سوار کیا تھا۔ بے شک نوح ہمارے شکرگزار بندے تھے ③ اور ہم نے کتاب میں بنی اسرائیل سے

الْكِتٰبِ لَتُفْسِدُنَّ فِي الْاَرْضِ مَرَّتَيْنِ وَلَتَعْلُنَّ عُلُوًّا كَبِيْرًا ۴ فَاِذَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْكِتٰبِ | لَتُفْسِدُنَّ | فِي | الْاَرْضِ | مَرَّتَيْنِ | وَ | لَتَعْلُنَّ | عُلُوًّا | كَبِيْرًا | فَاِذَا |
| کتاب کے | البتہ فساد کرو گے تم | بیچ | زمین کے | دوبار | اور | البتہ تم بلندی پکڑو گے | بلندی | بڑی | پس جب |

کہہ دیا تھا کہ تم زمین میں دو دفعہ فساد مچاؤ گے اور بڑی سرکشی کرو گے۴ پس جب

جَآءَ وَعْدُ اُوْلٰىهُمَا بَعَثْنَا عَلَيْكُمْ عِبَادًا لَّنَآ اُولِيْ بَاْسٍ شَدِيْدٍ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَآءَ | وَعْدُ | اُوْلٰىهُمَا | بَعَثْنَا | عَلَيْكُمْ | عِبَادًا | لَّنَآ | اُولِيْ | بَاْسٍ | شَدِيْدٍ |
| آیا | وعدہ | پہلا ان دونوں میں کا | بھیجے ہم نے | اوپر تمہارے | بندے | واسطے ہمارے | صاحبان | لڑائی کے | سخت |

پہلے (وعدے) کا وقت آیا تو ہم نے اپنے سخت لڑائی لڑنے والے بندے تم پر مسلط کر دیے

فَجَاسُوْا خِلٰلَ الدِّيَارِ ؕ وَكَانَ وَعْدًا مَّفْعُوْلًا ۵ ثُمَّ رَدَدْنَا لَكُمُ الْكَرَّةَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَجَاسُوْا | خِلٰلَ | الدِّيَارِ | وَكَانَ | وَعْدًا | مَّفْعُوْلًا | ثُمَّ | رَدَدْنَا | لَكُمُ | الْكَرَّةَ |
| پس بیٹھ گئے | بیچ | گھروں کے | اور تھا | وعدہ | پورا کیا گیا | پھر | پھیر دیا ہم نے | واسطے تمہارے | غلبہ |

اور وہ شہروں کے اندر پھیل گئے۔ اور وہ وعدہ پورا ہو کر رہا۵ پھر ہم نے دوسری بار تم کو اُن

عَلَيْهِمْ وَاَمْدَدْنٰكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَجَعَلْنٰكُمْ اَكْثَرَ نَفِيْرًا ۶ اِنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيْهِمْ | وَ | اَمْدَدْنٰكُمْ | بِاَمْوَالٍ | وَّ | بَنِيْنَ | وَجَعَلْنٰكُمْ | اَكْثَرَ | نَفِيْرًا | اِنْ |
| اوپر ان کے | اور | مدد دی ہم نے تم کو | ساتھ مالوں کے | اور | بیٹوں کے | اور کیا ہم نے تم کو | زیادہ | لشکر میں | اگر |

پر غلبہ دیا اور مال اور بیٹوں سے تمہاری مدد کی اور تم کو جماعتِ کثیر بنا دیا۶ اگر تم

اَحْسَنْتُمْ اَحْسَنْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ ۟ وَاِنْ اَسَاْتُمْ فَلَهَا ؕ فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَحْسَنْتُمْ | اَحْسَنْتُمْ | لِاَنْفُسِكُمْ | وَ | اِنْ | اَسَاْتُمْ | فَلَهَا | فَاِذَا | جَآءَ | وَعْدُ |
| بھلائی کرو گے تم | بھلائی کرو گے | واسطے جانوں اپنی کے | اور | اگر | برائی کرو گے تم | پس واسطے اسی کے ہے | پس جب | آیا | وعدہ |

نیکوکاری کرو گے تو اپنی جانوں کے لیے کرو گے اور اگر اعمال بد کرو گے تو (ان کا) وبال بھی تمہاری ہی جانوں پر ہوگا۔ پھر جب دوسرے

الْاٰخِرَةِ لِيَسُوْٓءٗا وُجُوْهَكُمْ وَلِيَدْخُلُوا الْمَسْجِدَ كَمَا دَخَلُوْهُ اَوَّلَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاٰخِرَةِ | لِيَسُوْٓءٗا | وُجُوْهَكُمْ | وَ | لِيَدْخُلُوا | الْمَسْجِدَ | كَمَا | دَخَلُوْهُ | اَوَّلَ |
| دوسرا | تاکہ بگاڑ دیں | چہرے تمہارے | اور | تاکہ گھس جائیں | مسجد میں | جیسے کہ | گھس گئے تھے | پہلی |

(وعدے) کا وقت آیا (تو ہم نے پھر اپنے بندے بھیجے) تاکہ تمہارے چہروں کو بگاڑ دیں اور جس طرح پہلی دفعہ مسجد (بیت المقدس) میں داخل

مَرَّةٍ وَّلِيُتَبِّرُوْا مَا عَلَوْا تَتْبِيْرًا ۝٧ عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يَّرْحَمَكُمْ ۚ وَاِنْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَرَّةٍ | وَّ | لِيُتَبِّرُوْا | مَا | عَلَوْا | تَتْبِيْرًا | عَسٰى | رَبُّكُمْ | اَنْ | يَّرْحَمَكُمْ | وَ | اِنْ |
| بار | اور | تاکہ ویران کردیں | جس پر | غالب آئیں | ویران کرنا | نزدیک ہے | رب تمہارا | یہ کہ | رحم کرے تم کو | اور | اگر |

ہو گئے تھے اسی طرح پھر اس میں داخل ہو جائیں اور جس چیز پر غلبہ پائیں اسے تباہ کردیں ⑦ امید ہے کہ تمہارا پروردگار تم پر رحم کرے اور اگر

عُدْتُّمْ عُدْنَا ۘ وَجَعَلْنَا جَهَنَّمَ لِلْكٰفِرِيْنَ حَصِيْرًا ۝٨ اِنَّ هٰذَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عُدْتُّمْ | عُدْنَا | وَ | جَعَلْنَا | جَهَنَّمَ | لِلْكٰفِرِيْنَ | حَصِيْرًا | اِنَّ | هٰذَا |
| پھر آؤ گے تم | پھر آویں گے ہم | اور | کیا ہم نے | دوزخ کو | واسطے کافروں کے | قید خانہ | تحقیق | یہ |

تم پھر وہی (حرکتیں) کرو گے تو ہم بھی وہی (پہلا سلوک) کریں گے اور ہم نے جہنم کو کافروں کے لیے قید خانہ بنا رکھا ہے ⑧ یہ

الْقُرْاٰنَ يَهْدِيْ لِلَّتِيْ هِيَ اَقْوَمُ وَيُبَشِّرُ الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْقُرْاٰنَ | يَهْدِيْ | لِلَّتِيْ | هِيَ | اَقْوَمُ | وَ | يُبَشِّرُ | الْمُؤْمِنِيْنَ | الَّذِيْنَ | يَعْمَلُوْنَ |
| قرآن | راہ دکھاتا ہے | طرف اسکی کہ | وہ | بہت سیدھی ہے | اور | بشارت دیتا ہے | مومنوں کو | وہ جو | عمل کرتے ہیں |

قرآن وہ رستہ دکھاتا ہے جو سب سے سیدھا ہے اور مومنوں کو جو نیک عمل

الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا كَبِيْرًا ۝٩ وَّاَنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الصّٰلِحٰتِ | اَنَّ | لَهُمْ | اَجْرًا | كَبِيْرًا | وَّاَنَّ | الَّذِيْنَ | لَا | يُؤْمِنُوْنَ | بِالْاٰخِرَةِ |
| نیک | یہ کہ | واسطے ان کے | اجر ہے | بڑا | اور یہ کہ | وہ لوگ کہ | نہیں | ایمان لاتے | ساتھ آخرت کے |

کرتے ہیں بشارت دیتا ہے کہ اُن کے لیے اجر عظیم ہے ⑨ اور یہ بھی (بتاتا ہے) کہ جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے

اَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۝١٠

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَعْتَدْنَا | لَهُمْ | عَذَابًا | اَلِيْمًا |
| تیار کیا ہم نے | واسطے ان کے | عذاب | درد دینے والا |

ان کے لیے ہم نے دکھ دینے والا عذاب تیار کر رکھا ہے ⑩